9359 ـ عبادت میں ریاکاری کا داخل ہونا

سوال

کیا انسان کو ایسے عمل کا ثواب حاصل ہوتا ہے جو ریاکاری کے لیے کیا جائے اور دوران عمل ہی نیت بدل کر وہ اللہ خالصتا اللہ کے لیے ہو ؟
مثلا میں نے قرآن مجید مکمل ختم کیا تو مجھ میں ریاکاری کا عنصر داخل ہو گیا، لهذا جب میں نے اس سوچ کا اخلاص لله کی سوچ کے ساتھ مقابلہ کیا تو کیا مجھے اس تلاوت کا ثواب ملے گا یا ریاء کے سبب ضائع ہو جائے گا؟ اگرچہ ریاء عمل کرنے کے بعد ہی آئی ہو ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

عبادت میں ریاء کاری کا عنصر تین طرح سے شامل ہوتا ہے:

پہلی وجہ:

کہ ابتداء سے اس عبادت کا باعث ریاکاری اور لوگوں کو دکھلاوا ہو؛ مثلا اس شخص کی طرح جو لوگوں کو دکھانے کے لیے نماز ادا کرنا شروع کر دے، تا کہ لوگ اس کی نماز پر اس کی تعریف کریں، تو یہ عبادت کو باطل کر رکھ دے گی.

دوسری وجہ:

دوران عبادت ریاکاری شامل ہو جائے، یعنی دوسرے معنی میں یہ کہ ابتدا میں تو اس نے عبادت خالصتا اللہ تعالی کے لیےشروع کی، لیکن پھر عبادت کے دوران ہی اس میں ریاکاری شامل ہو گئی، تو یہ عبادت دو حالتوں سے خالی نہیں ہو سکتی:

پہلی حالت:

عبادت کا پہلا حصہ عبادت کے آخری حصہ سے مرتبط نہ ہو ، لهذا عبادت پہلا حصہ تو ہر حالت میں صحیح ہے،

اور اس کا آخر باطل ہے.

اس کی مثال اس طرح ہےکہ: ایك شخص کے پاس سو ریال ہیں وہ انہیں صدقہ کرنا چاہتا ہے، تو اس نے پچاس ریال خالص اللہ کے لیے صدقہ کر دیے، پھر باقی پچاس ریال میں ریاکاری آگئی، لھذا پہلے پچاس ریال صحیح اور مقبول ہیں، اور باقی پچاس ریال کا صدقہ اخلاس اور ریاری دونوں کے اختلاط کی بنا پر باطل ہیں.

دوسری حالت:

کہ عبادت کا ابتدائی حصہ بھی آخری عبادت کے ساتھ مرتبط ہو: تو اس وقت بھی انسان دو معاملوں سے خالی نہیں ہو گا:

پہلا معاملہ:

کہ وہ ریاکاری کو دور اور ختم کرے، اور اس کی طرف دھیان نہ دیتا ہو بلکہ اس سے اعراض کرتا اور اسے ناپسند کرتا ہو: تو اس پر کچھ بھی اثرانداز نہیں ہو گی:

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" بلاشبہ اللہ تعالی نے میری امت سے وہ کچھ معاف کردیا ہے جو اس کے نفس میں ہوتا ہے، جب تك کہ وہ اس پر عمل نہ کرلے یا کلام نہ کرے"

دوسرا معاملہ:

وہ اس ریاکاری پر مطمئن ہو اور اسے دور نہ کرے: تو اس وقت اس کی ساری عبادت باطل ہو کر رہ جائے گی؛ کیونکہ اس کا پہلا حصہ بھی آخری حصہ کے ساتھ مرتبط ہے.

اس کی مثال اس طرح ہے کہ:

نماز خالصتا اللہ تعالی کے لیے شروع کی جائے، پھر دوسری رکعت میں ریاکاری شامل ہو جائے، توپہلا حصہ آخری حصے کے ساتھ مرتبط ہونے کی بنا پر ساری کی ساری نماز باطل ہو جائے گی.

تیسری وجہ:

یہ کہ عبادت ختم ہو جانے کے بعد ریاکاری پیدا ہو جائے: تو اس صورت میں اس پر کوئی اثر نہیں ہوگا، اور نہ ہی باطل ہو گی، کیونکہ وہ عبادت صحیح پوری ہوئی ہے، تو عبادت ختم ہونے کےبعد پیدا ہونے والی ریاکاری کی بنا پر

وہ عبادت باطل نہیں ہو گی.

اور یہ ریاکاری میں شامل نہیں ہوتا کہ لوگوں کو انسان کی عبادت معلوم ہوجائےتو وہ انسان خوشی محسوس کرے، کیونکہ تو عبادت سے فارغ ہو جانے کے بعد ہوا ہے.

اور یہ بھی ریاکاری نہیں کہ انسان اطاعت اور فرمانبرداری کا فعل کرنے پر مسرور ہو؛ کیونکہ یہ تو اس کے ایمان کی دلیل ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جسے اس کی اپنی نیکی خوش کردے، اور برائی اسے ناراض کردے تو یہی مومن ہے"

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارہ میں سوال کیا گیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

یہ مومن کے لیے دنیا میں ہی جلدی ملنے والی خوشخبری ہے"

دیکھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن عثیمین (2 / 29 ـ 30).

واللہ اعلم .